# الحديد

(Al-Hadid)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | |
|---|---|
| 1 | بِسۡمِ اللَّهِ الرَّحۡمَٰنِ الرَّحِيمِ سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالۡأَرۡضِ ۖ وَهُوَ الۡعَزِيزُ الۡحَكِيمُ |
| | اللہ کی تسبیح کی ہے ہر اُس چیز نے جو حکومت اور عوام میں ہے، اور وہی زبردست دانا ہے |
| 2 | لَهُ مُلۡكُ السَّمَاوَاتِ وَالۡأَرۡضِ ۖ يُحۡيِي وَيُمِيتُ ۖ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٍ قَدِيرٌ |
| | )زمین اور آسمانوں کی سلطنت کا مالک وہی ہے، زندگی بخشتا ہے اور موت دیتا ہے، اور ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے |
| 3 | هُوَ الۡأَوَّلُ وَالۡآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالۡبَاطِنُ ۖ وَهُوَ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيمٌ |
| | وہی اول بھی ہے اور آخر بھی، ظاہر بھی ہے اور مخفی بھی، اور وہ ہر چیز کا علم رکھتا ہے۔ |
| 4 | هُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالۡأَرۡضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوَىٰ عَلَى الۡعَرۡشِ ۚ يَعۡلَمُ مَا يَلِجُ فِي الۡأَرۡضِ وَمَا يَخۡرُجُ مِنۡهَا وَمَا يَنۡزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعۡرُجُ فِيهَا ۖ وَهُوَ مَعَكُمۡ أَيۡنَ مَا كُنۡتُمۡ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ بَصِيرٌ |

| | | |
|---|---|---|
| | وہ وہی ہے جس نے بلند مناصب اور عوام کو اخلاقیات دیں پھر حکومت پر متمکن ہوا۔۔اُس کے علم میں ہے جو کچھ عوام ہو میں ہوتا ہے اور جو کچھ اس سے نکلتا ہے اور جو کچھ بلند مناصب سے آتا ہے اور جو کچھ بلند مناصب کی طرف جاتا ہے وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں بھی تم ہو جو کام بھی کرتے ہو اسے وہ دیکھ رہا ہے | |
| 5 | لَّهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ | |
| | اسی نظام کے لئے حاکمیت بلند و بالا اور عوام کی ہے۔اور اسی نظام کی طرف تمام معاملات رجوع ہوتے ہیں۔ | |
| 6 | يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ ۚ وَهُوَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ | |
| | وہی ناکامی کو خوشحالی میں بدلتا ہے اور خوشحالی کو ناکامی میں بدلتا ہے اور وہ مملکت کے صدر مقامات کے رازوں کو خوب جانتا ہے۔ | |
| 7 | آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَأَنفِقُوا مِمَّا جَعَلَكُم مُّسْتَخْلَفِينَ فِيهِ ۖ فَالَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَأَنفَقُوا لَهُمْ أَجْرٌ كَبِيرٌ | |
| | مملکت اور اس کے پیغامبر کے ساتھ امن قائم کرو اور اس میں سے خرچ کرو جس میں اس نے تمہیں پہلوں کا جانشین بنایا ہے پس تم میں سے جن لوگوں لوگوں نے امن قائم کیا اور انہوں نے خرچ کیا ان کے لیے بڑا اجر ہے | |
| 8 | وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ ۙ وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ لِتُؤْمِنُوا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ أَخَذَ مِيثَاقَكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ | |

| | | |
|---|---|---|
| | اور تم کو کیا ہے کہ تم مملکت الہیہ کے ساتھ امن قائم نہیں کرتے ہو۔ جب کہ پیغامبر تم کو دعوت دے رہا ہے کہ تم نظام ربوبیت کے تحت امن قائم کرو جبکہ اس نے تم سے واعدہ بھی لیا ہے اگر کہ تم مومن ہو۔ | |
| 9 | هُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ عَلَىٰ عَبْدِهِ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ لِّيُخْرِجَكُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ وَإِنَّ اللَّهَ بِكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ | |
| | وہی نظام ہے جو اپنے بندے کو واضح احکامات دے رہا ہے تاکہ تمھیں غلامی کے اندھیروں میں سے نکال کر آزادی میں لائے اور بے شک مملکت تم پر بڑی مہربان نہایت رحم والی ہے | |
| 10 | وَمَا لَكُمْ أَلَّا تُنفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلِلَّهِ مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ أَنفَقُوا مِن بَعْدُ وَقَاتَلُوا ۚ وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ | |
| | اور تمھیں کیا ہو گیا ہے جو مملکت الہیہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے حالانکہ بلند اور پست اور عوام کا ورثہ تو اللہ ہی کے لیے ہے تم میں سے اور کوئی اس شخص کے برابر ہو نہیں سکتا جس نے فتح سے پہلے خرچ کیا اور جہاد کیا یہ ہیں کہ مملکت کے نزدیک جن کا بڑا درجہ ہے ان لوگوں پر ہے جنھوں نے بعد میں خرچ کیا اور جنگ کی اور مملکت نے ہر ایک سے نیک جزا کا وعدہ کیا ہے اور مملکت تمہارے کاموں سے باخبر ہے | |
| 11 | مَّن ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ وَلَهُ أَجْرٌ كَرِيمٌ | |
| | کون ہے جو مملکت کو حسن کارانہ انداز سے قرض دے پھر مملکت اس کو اسکے لیے دگنا کر دے اور اس کے لیے عمدہ بدلہ ہے | |

| | | |
|---|---|---|
| 12 | يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ يَسْعَىٰ نُورُهُم بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِم بُشْرَاكُمُ الْيَوْمَ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ | |
| | جس دن آپ مومن مردوں اور عورتوں کو دیکھیں گے کہ ان کے اعمال کے نتائج ان کے سامنے ہر طرف نظر آئیں گے۔۔۔۔۔۔۔ کہ آج تمہیں آج ایسی سلطنتوں کی خوشخبری ہے کہ جن کی ماتحتی میں خوشحالیاں رواں دواں ہونگی۔۔۔۔ وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے یہی وہ بڑی کامیابی ہے | |
| 13 | يَوْمَ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ لِلَّذِينَ آمَنُوا انظُرُونَا نَقْتَبِسْ مِن نُّورِكُمْ قِيلَ ارْجِعُوا وَرَاءَكُمْ فَالْتَمِسُوا نُورًا فَضُرِبَ بَيْنَهُم بِسُورٍ لَّهُ بَابٌ بَاطِنُهُ فِيهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهُ مِن قِبَلِهِ الْعَذَابُ | |
| | جس دن منافق مرد اور منافق عورتیں ان لوگوں سے کہیں گے جنہوں نے امن قائم کیا کہ ہمارا بھی کچھ خیال کرو ہم بھی تمہارے اعمال کے نتائج سے فائدہ اٹھالیں۔ تو ان سے کہا جائے گا اپنے پیچھے لوٹ جاؤ پھر روشنی تلاش کرو پس ان کے درمیان ایک قانونی رکاوٹ کھڑی کر دی جائے گی جس میں ایک دروازہ ہو گا کہ۔۔۔۔۔۔۔۔ جس کے اندر تو رحمت ہو گی اور باہر عذاب ہو گا | |
| 14 | يُنَادُونَهُمْ أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ ۖ قَالُوا بَلَىٰ وَلَٰكِنَّكُمْ فَتَنتُمْ أَنفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْأَمَانِيُّ حَتَّىٰ جَاءَ أَمْرُ اللَّهِ وَغَرَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ | |

| | | |
|---|---|---|
| | وہ انہیں پکاریں گے کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے ۔۔۔ تو وہ جواب دینگے ''کیوں نہیں لیکن تم نے اپنے آپ کو<br>فتنہ میں ڈالا اور راہ دیکھتے اور شک کرتے رہے اور تمہیں تمہاری آرزوؤں نے دھوکہ دیا یہاں تک کہ مملکت الہیہ کا<br>حکم آپہنچا اور تمہیں مملکت کے بارے میں شیطان نے دھوکہ دئے رکھا'' | |
| 15 | فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنكُمْ فِدْيَةٌ وَلَا مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ مَأْوَاكُمُ النَّارُ ۖ هِيَ مَوْلَاكُمْ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ | |
| | پس آج نہ تم سے کوئی تاوان لیا جائے گا اور نہ ان سے جنہوں نے انکار کیا تھا تمہارا سب کا ٹھکانا قید خانہ ہے<br>وہی تمہارا رفیق ہے اور بہت ہی بری جگہ ہے | |
| 16 | أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ آمَنُوا أَن تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ وَلَا يَكُونُوا كَالَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ<br>فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ | |
| | کیا امن قائم کرنے والوں کے لئے وہ وقت نہیں آیا آیا کہ ان کے دل مملکت الہیہ کے احکامات و اور جو ضابطہ<br>حیات اس نے دیا ہے اس کے سامنے جھک جائیں اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں جنہیں ان سے<br>پہلے احکامات کی کتاب ملی تھی پھر ان پر انتظار کی مدت لمبی ہو گئی تو ان کے دل سخت ہو گئے اور ان میں سے<br>بہت سے نافرمان ہیں | |
| 17 | اعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ | |
| | اور جان لو کہ قوانین ہی عوام کو اس کے ناکام ہونے کے بعد کامیاب کرتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہم نے تو تمہارے لیے<br>احکامات واضح طور پر بیان کر دئے ہیں تاکہ تم عقل استعمال کرو۔ | |

| | | |
|---|---|---|
| 18 | إِنَّ الْمُصَّدِّقِينَ وَالْمُصَّدِّقَاتِ وَأَقْرَضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ أَجْرٌ كَرِيمٌ | |
| | بے شک سچ کر دکھانے والے مرد اور عورتیں اور جنہوں نے مملکت لہیہ کو احسن کارانہ انداز سے قرض دیا ان کے لیے دگنا<br>کیا جائے گا اور انہیں عمدہ بدلہ ملے گا | |
| 19 | وَالَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الصِّدِّيقُونَ ۖ وَالشُّهَدَاءُ عِندَ رَبِّهِمْ لَهُمْ أَجْرُهُمْ وَنُورُهُمْ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا<br>أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ | |
| | اور جن لوگوں نے حاکم اعلیٰ اور اس کے پیغامبروں کے ساتھ امن قائم کیا۔۔۔ وہی لوگ اپنے رب کے<br>نزدیک صدیق اور شہید ہیں ان کے لیے ان کا اجر ان کے اعمال کے نتائج (کی روشنی) اور جنہوں نے انکار کیا اور<br>احکامات کو جھٹلایا یہی لوگ قید خانے کے بسنے والے ہیں۔ | |
| 20 | اعْلَمُوا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَزِينَةٌ وَتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ ۖ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهُ ثُمَّ يَهِيجُ<br>فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُونُ حُطَامًا ۖ وَفِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٌ ۚ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ | |
| | جان لو کہ یہ دنیاوی زندگی محض کھیل اور تماشا اور زیبائش اور ایک دوسرے پر آپس میں فخر کرنا اور ایک<br>دوسرے پر مال اور اولاد میں زیادتی چاہنا ہے۔۔۔۔ جیسے بارش کی حالت کہ اس کی سبزی نے کسانوں کو<br>خوش کر دیا لیکن آخر کار وہ خشک ہو جاتی ہے تو تو اسے زرد شدہ دیکھتا ہے پھر وہ چورا چورا ہو جاتی ہے۔۔۔۔۔<br>اور نتیجتاً تکلیف۔۔۔۔۔ لیکن اصل میں تو مملکت کا درگذر کرنا اور اس کی خوشنودی ہے اور دنیاوی زندگی سوائے<br>دھوکے کے اسباب کے اور کیا ہے | |

| | |
|---|---|
| 21 | سَابِقُوا إِلَىٰ مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أُعِدَّتْ لِلَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ ۚ ذَٰلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ |
| | اپنے نظام ربوبیت کی طرف دوڑو اور اس سلطنت کی طرف جس کا طول و عرض آسمان اور زمین کے عرض کے برابر ہے۔۔۔۔۔۔ان کے لیے تیار کی گئی ہے جنہوں نے مملکت الہیہ اور اس کے پیغامبروں کے ساتھ امن قائم کیا۔۔۔۔۔۔یہ مملکت کا فضل ہے۔۔۔وہ اسے دیتا ہے جو طلب کرتا ہے۔اور مملکت الہیہ بڑے فضل والی ہے |
| 22 | مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي أَنفُسِكُمْ إِلَّا فِي كِتَابٍ مِّن قَبْلِ أَن نَّبْرَأَهَا ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ |
| | جو کوئی مصیبت عوام پر یا خود تم پر پڑتی ہے وہ اس سے پیشتر کہ ہم اسے پیدا کریں ایک قانون میں لکھی ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔ بے شک یہ مملت الہیہ اللہ کے نزدیک آسان بات ہے |
| 23 | لِّكَيْلَا تَأْسَوْا عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوا بِمَا آتَاكُمْ ۗ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ |
| | تاکہ جو چیز تمہارے ہاتھ سے جاتی رہے اس پر رنج نہ کرو اور جو تمہیں دے اس پر اتراؤ نہیں اور اللہ کسی اترانے والے شیخی خورے کو پسند نہیں کرتا |
| | مباحث:۔<br>کیونکہ جو کچھ بھی ملتا ہے یا لے لیا جاتا ہے وہ ایک قانوں کے نتیجے میں پیش آتا ہے۔ |
| 24 | الَّذِينَ يَبْخَلُونَ وَيَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ۗ وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ |

| | | |
|---|---|---|
| | جو لوگ خود بھی بخل کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی بخل کا حکم دیتے ہیں اور جو کوئی منہ موڑے۔۔۔۔ تو مملکت الٰہیہ بھی بے نیاز حاکم ہے | |
| 25 | لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۖ وَأَنزَلْنَا الْحَدِيدَ فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ ۚ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ | |
| | یقیناً ہم نے اپنے پیغامبروں کو احکامات دے کر بھیجا اور ان کے ہمراہ ہم نے قانون کی کتاب عطا کی اور میزان عدل بھیجی تاکہ لوگ انصاف کو قائم رکھیں اور ہم نے لوہا بھی اتارا جس میں سخت جنگ کے سامان اور لوگوں کے فائدے بھی ہیں اور تاکہ مملکت الٰہیہ کو معلوم ہو جائے کہ کون اس کی اور اس کے پیغامبروں کی غائبانہ مدد کرتا ہے بے شک مملکت الٰہیہ بڑا زور آور غالب ہے | |
| 26 | وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا وَإِبْرَاهِيمَ وَجَعَلْنَا فِي ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ ۖ فَمِنْهُم مُّهْتَدٍ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ | |
| | ہم نے نوح اور ابراہیم کو بھیجا اور اُن دونوں کی نسل میں نبوت اور کتاب رکھ دی پھر ان کے پیروکاروں میں سے کسی نے ہدایت اختیار کی اور ان میں سے اکثر فاسق ہو گئے | |
| 27 | ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلَىٰ آثَارِهِم بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَآتَيْنَاهُ الْإِنجِيلَ وَجَعَلْنَا فِي قُلُوبِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ رَأْفَةً وَرَحْمَةً وَرَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ إِلَّا ابْتِغَاءَ رِضْوَانِ اللَّهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۖ فَآتَيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا مِنْهُمْ أَجْرَهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ | |

| | | |
|---|---|---|
| | )اُن کے بعد ہم نے پے در پے اپنے رسول بھیجے، اور ان سب کے بعد عیسیٰؑ ابن مریم کو مبعوث کیا اور اُس کو انجیل عطا کی اور جن لوگوں نے اس کی پیروی اختیار کی اُن کے دلوں میں ہم نے ترس اور رحم ڈال دیا اور رہبانیت انہوں نے خود ایجاد کر لی، ہم نے اُسے اُن پر فرض نہیں کیا تھا، مگر اللہ کی خوشنودی کی طلب میں انہوں نے آپ ہی یہ بدعت نکالی اور پھر اس کی پابندی کرنے کا جو حق تھا اسے ادا نہ کیا اُن میں سے جو لوگ ایمان لائے ہوئے تھے اُن کا اجر ہم نے ان کو عطا کیا، مگر ان میں سے اکثر لوگ فاسق ہیں | |
| 28 | يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَآمِنُوا بِرَسُولِهِ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِن رَّحْمَتِهِ وَيَجْعَل لَّكُمْ نُورًا تَمْشُونَ بِهِ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ | |
| | اے وہ لوگو جنہوں نے امن قائم کیا مملکت کے قوانین کے ساتھ ہم آہنگ رہو۔۔۔اور اس کے پیغامبر کے ساتھ امن قائم کرو۔۔۔۔وہ تمہیں اپنی رحمت کا دوہرا حصہ دے گا اور تمہیں تمہارے اعمال کے نتائج کا نور دے گا جس کی روشنی میں تم چلو پھرو گے اور تمہارے جرائم بھی معاف کر دے گا، ۔۔۔۔۔۔۔مملکت الہیہ حفاظت فراہم کرنے والی مہربان ہے۔ | |
| 29 | لِّئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَلَّا يَقْدِرُونَ عَلَىٰ شَيْءٍ مِّن فَضْلِ اللَّهِ ۙ وَأَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ | |